یادِ رفتگاں

ادارہ

حافظ عبدالحمید کلاچوی رحؒ | حضرت مولانا قاضی عبدالکریم مدظلہٗ و مولانا قاضی عبداللطیف مدرسہ نجم المدارس کلاچی کے برادر زادہ محترم جناب حافظ عبدالحمید صاحب ایک حادثہ میں شہید ہو گئے، ایک نوجوان عالم و فاضل کا انتقال بجا طور پر پورے خاندان کیلئے باعث رنج و غم ہے۔ ادارہ الحق اور دارالعلوم حقانیہ اس غم میں پورے خاندان بالخصوص دارالعلوم کے قابلِ فخر فرزند مولانا قاضی عبدالحلیم صاحب کلاچوی سے تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو درجاتِ عالیہ سے نوازے۔

مولانا محمد عرفان مرحوم | ۱۹ر صفر ۱۳۹۹ھ جامعہ اشرفیہ لاہور کے حضرت مولانا محمد عرفان صاحب مرحوم تقریباً ستر برس کی عمر میں انتقال فرما گئے، مولانا مرحوم حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب بانی جامعہ اشرفیہ کے بھتیجے تھے، ان کے بعد زندگی بھر جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد کے مخلص خادم اور کارکن رہے۔ آپ کو حضرت حکیم الامۃ مولانا اشرف علی تھانوی رحؒ سے استفادہ کا موقعہ ملا حضرت مفتی صاحب مرحوم کے معتمد اور منظورِ نظر تھے، عجیب اخلاقِ کریمانہ کے مالک تھے، ان کی وفات سے حضرت مفتی صاحب مرحوم کا پورا خاندان اور حلقہ متاثر ہوا ہے۔ خداوند کریم مرحوم کو اعلیٰ ترین مقاماتِ قرب سے نوازے۔ جامعہ اشرفیہ کے اس صدمہ میں ہم سب شریک ہیں۔

حاجی شیر محمد گوجرہ مرحوم | ۱۱ر جمادی الاولیٰ ۱۳۹۹ھ کو گوجرہ ضلع فیصل آباد میں حکیم الامت مولانا تھانوی رحؒ کی بزمِ انور کا ایک چراغ بجھ گیا اور جناب حاجی شیر محمد صاحب انتقال فرما گئے۔ مرحوم حضرت تھانوی رحؒ کے مجاز بیعت دینی و اخلاقی اور روحانی خدمات میں زندگی گذری۔ فرحمۃ اللہ وارضاہ۔